PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Session 9th**

**Notice No.** **630**

**Department** **Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 630

منجانب:۔ محترمہ فائزہ ملک رکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ سوشل ویلفیئر کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ صوبہ بھر میں محنت کش ورکرز کی فلاح و بہبود کے لئے قائم سوشل ویلفیئر اور سوشل سیکورٹی کے ادارے، جو دراصل ورکرز کو خاندانی تحفظ، میڈیکل سہولیات، میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ، جہیز اور ایجوکیشن فنڈز فراہم کرتے تھے، گزشتہ دو برسوں سے غیر فعال اور انتہائی سست روی کا شکار ہیں۔ اس صورت حال کے نتیجے میں ہزاروں گھرانے ریلیف اور قانونی مراعات سے محروم ہو چکے ہیں، جس سے شدید سماجی و معاشی مسائل جنم لے رہے ہیں۔

---

**Notice No.** **652**

**Department** **Elementary & Secondary Education**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 652

منجانب:۔ محترمہ مہر سلطانہ رکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ خیبر پختونخوا ایجوکیشن ایمپلائز فاؤنڈیشن (KP- EEF) جو 1986 سے صوبے کے تعلیمی ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے سرگرم ہے اس وقت کوٹلہ محسن خان پشاور میں قائم اپنی گرلز سکول و کالج کی عمارت کے تنازعے کا شکار ہے مذکورہ عمارت 2001 میں اس وقت کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سید افتخار حُسین شاہ کی منظوری سے محکمہ تعلیم کو ملکیتی بنیادوں پر فراہم کی گئی تھی جہاں اب 600 سے زائد بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں تاہم محکمہ کوآپریٹو اب اس عمارت کی واگزاری کا مطالبہ کر رہا ہے حالانکہ ریونیو ریکارڈ کے مطابق زمین وفاقی حکومت کی ملکیت ہے اور باقاعدہ طور پر ایجوکیشن ایمپلائیز فاؤنڈیشن کو حوالہ کی جا چکی ہے اس تنازعے کے باعث ادارے کی بندش یا عمارت کی واگزاری سے 600 سے زائد بچیوں کا تعلیمی مستقبل خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ یہ عمارت رہائشی علاقے میں واقع ہے پر امن اور محفوظ ماحول ہونے کی وجہ سے تعلیمی مقاصد کیلئے کافی موزوں بھی ہے۔ لہذا حکومت فوری طور پر جانچ کر کے اس کا تدارک کرے۔ تاکہ ایک جانب سینکڑوں طالبات اپنی تعلیم یکسوئی کیساتھ جاری رکھ سکیں تو دوسری طرف سکول کی عمارت اور ادارے کا تسلسل بھی برقرار رہے۔

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 9th

Notice No. 694

Department **Establishment**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر694

منجانب:۔ جناب عدنان خان وزیر رُکن صوبائی اسمبلی

I would like to draw the attention of Minister for Establishment to the issue of extremely poor and alarming outcome of the Civil Judge cum alaqa Qazi (BPS-18) Competitive Examination 2025 conducted by the Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission (KPPSC). The process has raised serious concerns about fairness, credibility, irrelevant interview questioning, unexplained rejections, as well as failure to honour zonal allocations, particularly exclusion of ex-FATA candidates. I urge the Minister to brief the House regarding the criteria applied, reasons for the extraordinarily low success rate and concrete steps being taken to ensure transparent, merit-based judicial recruitment and restoration of public confidence.